ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(511)

22-09-2023

## بہاول پور(                    )ڈی پی اوسید محمد عباس کے احکامات، جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ،موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت،سیکیورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔سیکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے،شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صورتحال کے پیش نظر شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے،سیکیورٹی فرائض میں غفلت ولاپرواہی بلکل برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں موثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور: جمعتہ المبارک کے موقع پر مساجد و امام بارگاہوں پر پولیس کے افسران و جوان الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (512)

مورخہ 22.09.23

## بہاولپور( ) ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ عنائتی پولیس کی کامیاب کارروائی، چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث فیروز شاہ گینگ کا سرغنہ ساتھیوں سمیت گرفتار۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کا مال مسروقہ، اسلحہ ناجائز اور منشیات برآمد۔ معاشرے کے ایسے منفی عناصر کے خلاف مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی، ڈی پی او

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات اور ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی سربراہی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ عنائتی نے ایس ڈی پی او سرکل خیر پور ٹامیوالی کی زیرنگرانی جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے اسپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث فیروز گینگ کو ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں فیروز شاہ، شان شاہ اور صابر علی شامل ہیں۔ جن سے متعدد مقدمات ٹریس ہوئے۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے نقدرقم -/2,50,000 روپے، 01 عدد موٹر سائیکل 125، 03 تولہ سونا، 40 تولہ چاندی، 06 شاخ بکریاں، قیمتی موبائل فونز، زنانہ اور مردانہ سوٹ جبکہ گرفتار دیگر منشیات فروش ملزمان سے 1720 گرام چرس، 135 لیٹر دیسی شراب، 02 عدد چالو بھٹیاں اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ ناجائز برآمد کرلیا۔ ریکور شدہ موٹر سائیکل و دیگر مال مسروقہ اصل مالکان کے حوالے کئے جارہے ہیں۔ اسی طرح تھانہ عنائتی پولیس نے مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 10 عدالتی مفرور اور 16 مجرمان اشتہاریوں کو گرفتار کرلیا۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال جرائم پیشہ افراد سے ریکور کرایا جارہا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جاسکے۔ انہوں نے مزید کہا بہاولپور پولیس جرائم کی بیخ کنی کیلئے بہترین حکمت عملی کو اپنا کر جرائم پیشہ افراد کا تدارک جاری رکھے گی۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے بہترین کارکردگی پر ایس ایچ او تھانہ عنائتی و ٹیم کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ عنائتی پولیس کی کامیاب کارروائی، چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث فیروز شاہ گینگ کا سرغنہ ساتھیوں سمیت گرفتار، مال مسروقہ، اسلحہ ناجائز اور منشیات برآمد